# 1047 ـ لفظ جلالہ " اللہ " والی قمیص زیب تن کرنا

**سوال**

انگلینڈ میں آہستہ آہستہ ایسی قیمصیں پہننے کا رواج ہو رہا ہے جس پر لفظ " اللہ " لکھا ہوتا ہے، یہ معاملہ غلط امور میں شمار کیا جاتا ہے، کیونکہ ہو سکتا ہے بعض اوقات لوگ قمیص پہننے میں صحیح طریقہ اختیار نہ کریں اور اسے زمین پر رکھ دیں، اس کے ساتھ ایك مسئلہ یہ بھی ہے کہ: اگر ان کا پہننا اور اسے بیت الخلا میں لے کر جانے جائز ہے یا نہیں، اس سلسلہ میں آپ کی رائے کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس طرح کی قمیص اور شرٹ خریدنی اور فروخت کرنی اور پہننی جائز نہیں، بلکہ جو بھی اسے پہنے اسے اس سے روکنا ضروری اور واجب ہے، کیونکہ اس کام میں یعنی قمیص پر لفظ جلالہ " اللہ " اس لیے لکھا ہے کہ اسے ہلکا اور کم تر سمجھا جائے، اور بلا شك و شبہ یہ اللہ کے نام کی توہین ہے.

رہا مسئلہ اسے ایسی جگہوں میں رکھنا اور لے کر جانا جہاں اسے نہیں لے جانا چاہیے، مثلا بیت الخلا اور خاص کر جب گندی ہو جائے تو اسے دھونا چاہے یا اس طرح کو دوسری توہین والی صورتوں سے اجتناب کرنا چاہیے.

پھر آپ اور دوسرے مسلمانوں کا اس طرح کی شرٹ اور قمیص خریدنے سے اجتناب کرنا اوردور رہنا اس کی خرید و فروخت کا دائرہ تنگ کرنے کا باعث بنے گا جس کی بنا پر اس کی مارکیٹنگ کرنے اور اسے تیار کرنے والوں کو اس لفظ کو نہ لکھنے پر مجبور ہونا پڑےگا، اگر ان کا ہدف تجارتی ہوا "

واللہ اعلم .